RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۱ دسمبر ۱۹۱۱ء	نمبر ۵۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت چوبے رگھناتھ پرشاد صاحب	۱
۲	رخصت مزید منشی واحد علی امجد	۲
۳	رخصت مزید نائب تحصیلدار سوار	۲
۴	رخصت منصرم معقول بکار گردگی منصرم علی	۳
۵	رخصت عبد الحمید خان منصرم مہمان خانہ	۳
	نقشہ نرخنامہ صدر سے نہیں آیا	

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۸ نومبر ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر چوبے رگھناتھ پرشاد کی رخصت بیس دن کی منظور فرمائی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۹ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست منشی واحد علی اہلمد بندوبست کی رخصت مزید پندرہ یوم بوجہ علالت بعوض ہدایت علیخان امیدوار بر خدمت سابقہ منظور کیگئی۔

۲۴ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب استدعا نائب تحصیلدار سوار دو ہفتہ کی مزید رخصت بضرورت کار نجی منظور کیگئی۔

ملخص حکم صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۳۰ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب جج بہادر رخصت دس یوم منصرم نقول بکار کردگی منصرم جی ۱۳ر دسمبر سنہ حال سے منظور کیگئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۲۹ر نومبر ۱۹۱۱ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم وثیقہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص رخصت یکماہ [illegible] منصرم مہمان خانہ بوجہ علالت منظور کیگئی۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا۔